برہان دیں کی صورت میں اِنارت احمدی نکلی
جمال و حسن میں انکے کمالت احمدی نکلی

خلق کی آپکے خوشبو عوالم میں مہکتی ہے
محمد کی نجابت اور نبالت احمدی نکلی

خمیرہ پہنچا ہے انکو ائمت فاطمیین کا
یہ داعی کے خمیرہ کی اصالت احمدی نکلی

طرف تطہیر کا پایا ہے طہٰ کی عنایت سے
مطہر ذات میں شہ کی طہارت احمدی نکلی

رسالت مصطفیٰ کی ستر میں تبلیغ کرتی ہے
یہ تبلیغی جزالت میں بلاغت احمدی نکلی

عجب نصرت رعب کی رب نے بخشی ہے محمد کو
بصیرت کی نظر میں یہ جلالت احمدی نکلی

نبی کے مثل اولے ہے ہمارے مال اور جاں سے
سراسر آپ مولی کی سیادت احمدی نکلی

محمد نام ہے میٹھا لسان حق کرے اعلان
لیا اسم محمد جو حلاوت احمدی نکلی

شریعت کے اوامر میں سند اور حکم نافذ ہے
یہ داعی کا حقیقت میں ریاست احمدی نکلی

بعث کرتے ہے مؤمن کو چھڑاتے ہے ہیولی سے
ہمارے ہادی رہبر کی ہدایت احمدی نکلی

کھے شیریں فیوض الرب جو آتے ہے محمد کو
ہے مشمولہ یہ نعمت میں افاضت احمدی نکلی

صلوتو میں ہے شامل داعی برہان الہدی مولی
کے جنکی شان و شوکت فخامت احمدی نکلی